نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

(Posted on March 27, 2006)

متاثرہ علاقوں میں امریکی چینوک ہیلی کاپٹروں کی ضرورت میں ڈرامائی کمی

اسلام آباد (27 مارچ 2006ء) ___ اب جبکہ تعمیر نو کی سرگرمیاں شروع ہو چکی ہیں، امریکی فوج نے امدادی پروازوں کا سلسلہ کم کر دیا ہے دو چینوک ہیلی کاپٹر واپس جا چکے ہیں اور اس فضائی بیڑے میں اب صرف چھ ہیلی کاپٹر رہ گئے ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ پانچ دنوں میں صرف دو بار اقوام متحدہ نے خوراک بھیجنے کے لئے امریکی چینوک ہیلی کاپٹروں کی درخواست کی۔ اس طرح ہیلی کاپٹروں کے ذریعے امداد پہنچانے کا یہ مشن اپنے اختتام کو پہنچ رہا ہے۔

جب امدادی کارروائیاں زوروں پر تھیں امریکی ہیلی کاپٹر ہفتے میں سات دن پرواز کر رہے تھے اور روزانہ اوسطاً ایک لاکھ پاؤنڈ امدادی سامان متاثرہ علاقوں میں پہنچایا جا رہا تھا۔ جبکہ گزشتہ ہفتے سے چینوک ہیلی کاپٹر متاثرہ علاقوں میں اس امدادی سامان کا صرف ایک تہائی حصہ لے جا رہے تھے۔

ہنگامی امداد کے امریکی مرکز کے چیف آف اسٹاف لیفٹیننٹ کرنل آرون آلڈریج کہتے ہیں کہ یہ بات واضح ہے کہ امدادی کارروائیاں اب ختم ہو چکی ہیں۔ جس کی وجہ سے گزشتہ کئی ہفتوں کے دوران امریکی ہیلی کاپٹروں کی ضرورت میں انتہائی کمی آ چکی ہے۔

ہیلی کاپٹروں کے استعمال میں کمی موسم بہار کی آمد، امداد کی تقسیم کے مراکز میں سامان کی فراوانی اور متاثرہ علاقوں کو جانے والی سڑکوں کے دوبارہ کھلنے کی وجہ سے بھی آئی ہے۔

فیڈرل ریلیف کمیشن کے مطابق بیشتر سڑکیں جو زلزلہ کے باعث بند ہو گئیں تھیں اب کھل چکی ہیں۔ جس کے نتیجے میں زیادہ تر امدادی اشیاء اور تعمیر نو کے لئے ساز و سامان زمینی راستوں کے ذریعہ ان علاقوں میں پہنچایا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ، UNHAS ہیلی کاپٹرز موسم گرما کے دوران یہاں موجود رہیں گے تاکہ کسی فوری نوعیت کی ہنگامی ضرورت کو پورا کیا جا سکے۔

یاد رہے کہ امریکی فوجی امدادی آپریشن 31 مارچ کو پایہ تکمیل کو پہنچ رہا ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3